# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, HYDERABAD

(A Central University established by an Act of Parliament of India, 1998)

مفوضہ کام (فاصلاتی طرز): بی۔اے؛ نظم ونسق عامہ

دوسرا سمسٹر

☆ہدایات☆

مفوضہ کام (Assignments) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے۔(فاصلاتی طرز) پروگرام کا لازمی جز ہے۔ مفوضہ کام کے لئے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔ آپ کو ہر پرچے کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہونگے۔ سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس نمبر رکھے گئے ہیں، ان کا اوسط آپ کے سالانہ امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائےگا۔ مفوضہ کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے جملہ 30 نمبرات میں سے 12 نمبرات حاصل کرنے ہونگے۔ سمسٹر کے اختتام پر سمسٹر امتحان ہو گا اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہوں گے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لئے کم از کم 28 نمبرات حاصل کرنا لازمی ہے۔ مفوضہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات درج ذیل ہیں۔

1. ہر مفوضہ کام کے جوابات علیحدہ، مناسب، سفید، فُل اسکیپ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھئے۔ ہر صفحہ پر دونوں جانب کم از کم ایک اِنچ کا حاشیہ ضرور چھوڑئے۔
2. جوابات پر 'حصہ' اور 'سوال نمبر' ضرور درج کیجئے۔ غلط سوال درج کرنے کی صورت میں آپ کے تحریر کردہ جواب کو نمبرات سے محروم رکھا جائے گا۔
3. مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اِسٹڈی سینٹر کے کو آرڈینیٹر کے نام ارسال کیجئے یا شخصی طور پر ان کے حوالے کیجئے۔
4. کو آرڈینیٹر سے اپنے مفوضہ کام کی رسید بھی لیجئے۔
5. اگر آپ مفوضہ کام داخل نہ کر سکے یا کم از کم 12 نمبرات حاصل کرنے میں ناکامیاب رہے تو آپ کو آئندہ بیچ Batch کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہو گا اور اس کے لئے نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے مسلسل رابطہ رکھنا ہو گا۔ ویب سائٹ: www.manuu.edu.in/dde

6. ایک مرتبہ مفوضہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافہ کے لئے دوسری مرتبہ مفوضہ کام داخل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
7. مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات Assignments قبول نہیں کئے جائے نگے۔
8. طلباء کو چاہئے کہ مفوضہ کام کے کاغذات سے پہلے صفحہ اول پر ان تفصیلات کو درج کریں:

| | |
|---|---|
| نام:------------------------------------ | اسٹڈی سینٹر:------------------------------------ |
| پتہ:------------------------------------ | اندراج نمبر:------------------------------------ |
| بی۔اے۔کا مضمون:------------------------------------ | سال:------------------------------------ |
| پرچہ:------------------------------------ | مفوضہ کام نمبر:------------------------------------ |
| تاریخ:------------------------------------ | دستخط:------------------------------------ |

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بی۔اے۔ نظم و نسق عامہ، دوسرا سمسٹر (فاصلاتی طرز)

2019-20

پرچہ - نظم و نسق عامہ: نظریات اور طرز رسائی

مفوضہ کام-1 (اکائی 1 تا 8)

جملہ نمبرات:30

(حصہ -الف)

حصہ 'الف' میں 5 معروضی سوالات ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مختص ہیں۔ (2x5=10)

1۔---------- کے مطابق نظریہ ایک طرح کا جال ہے جس سے دنیا کو قبضے میں کیا جاسکتا ہے تاکہ اسے سمجھا جاسکے۔

(a) سینٹ سائمن (b) ہربرٹ اسپنسر (c) کارل پاپر (d) ایمائیل درکھائم

2۔Theory کس زبان سے اخذ کیا گیا ہے؟

(a) یونانی (b) اطالی (c) رومن (d) جرمن

3۔ دفتر شاہی نظریہ کا بانی کون ہے؟

(a) کارل مارکس (b) میکس ویبر (c) چیسٹر برنارڈ (d) کارل پاپر

4۔The Function of the Executive کس کی تصنیف ہے؟

(a) برنارڈ (b) فولٹ (c) ٹیلر (d) ولسن

5۔ درج ذیل مفکرین میں سے کس نے تنظیم میں انسانوں کی جگہ ساخت کو زیادہ اہمیت فراہم کی ہے؟

(a) ایلٹن میو (b) چیسٹر برنارڈ (c) لوتھر گُلِک (d) میکس ویبر

## (حصہ-ب)

حصہ-'ب' میں 4 سوالات ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی 2 سوالات کا جواب لکھنا لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 15 سطروں میں لکھئے۔ (5x2=10)

1. مرکزیت اور لامرکزیت اصول کو واضح کیجیے۔

2. پوسڈکارب (POSDCORB) کی وضاحت کیجیے۔

3. سائنسی انتظامیہ کے مقاصد بیان کیجیے۔

4. میکس ویبر کے مطابق کریشمائی اختیار سے کیا مراد ہے؟

## (حصہ-ج)

حصہ-'ج' میں 3 سوالات ہیں۔ ان میں سے کسی 1 سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے جس کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 30 سطروں میں لکھئے۔ (1x10=10)

1. کلاسیکی نظریہ کے تنقیدی پہلوؤں پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

2. ہنری فیول کی انتظامیہ کے اصول کے لیے کیا خدمات ہے؟ بیان کیجیے۔

3. اُروِک کے انتظامیہ کے اصول پر بحث کیجیے؟

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## بی۔اے۔ نظم ونسق عامہ، دوسرا سمسٹر (فاصلاتی طرز)

## 2019-20

## پرچہ- نظم ونسق عامہ: نظریات اور طرز رسائی

## مفوضہ کام-2 (اکائی 9 تا 16)

جملہ نمبرات:30

### (حصہ-الف)

حصہ 'الف' میں 5 معروضی سوالات ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مختص ہیں۔ (2x5=10)

1۔ ہاتھارن تجربہ کہاں منعقد کیا گیا تھا؟

(a) امریکہ (b) برطانیہ (c) فرانس (d) جرمنی

2۔ برنارڈ کے مطابق درج ذیل میں سے کون تنظیم کا عناصر نہیں ہے؟

(a) مواصلات نیٹورک (b) عام مقاصد (c) تشفی توازن ماڈل (d) تعاون کی خواہش

3۔ معقولیت پسند فیصلہ سازی کا ماڈل کس مفکر نے پیش کیا ہے؟

(a) پیٹر سیلف (b) مارچ (c) ہربرٹ سائمن (d) جان میلیٹ۔

4۔ حاجات کی درجہ بندی میں حاجات کی کتنی اقسام ہیں؟

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ۔

5۔ زراعت اور صنعتی نمونہ کو پیش کیا تھا؟

(a) ایف۔ڈبلو۔ ٹیلر (b) ڈیویڈ اسٹن (c) ایف۔ڈبلو۔رِگز (d) رابرٹ ڈھال۔

## (حصہ -ب)

حصہ -'ب' میں 4 سوالات ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی 2 سوالات کا جواب لکھنا لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 15 سطروں میں لکھئے۔ (5x2=10)

1. رگز کے مطابق روایتی سماج سے کیا مراد ہے؟

2. رویہ جاتی نظریے کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3. انسانی تعلقات کے نظریے کو واضح کیجیے۔

4. سائمن کے انتظامی انسان ماڈل کی خصوصیات بیان کیجیے۔

## (حصہ -ج)

حصہ -'ج' میں 3 سوالات ہیں۔ ان میں سے کسی 1 سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے جس کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 30 سطروں میں لکھئے۔ (1x10=10)

1. نظام کتنی طرح کے ہوتے ہیں؟ تنظیمی نظام کے مختلف عناصر کو بیان کیجیے۔

2. ترقیاتی نظم و نسق کی وسعت پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

3. فیصلہ سازی میں معقولیت کی اہمیت پر بحث کیجیے۔

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بی۔اے۔ نظم و نسق عامہ، دوسرا سمسٹر (فاصلاتی طرز)

2019-20

پرچہ - نظم و نسق عامہ: نظریات اور طرز رسائی

مفوضہ کام-3 (اکائی 17 تا 24)

جملہ نمبرات: 30

(حصہ - الف)

حصہ 'الف' میں 5 معروضی سوالات ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مختص ہیں۔ (2x5=10)

1۔ جدید نظم و نسق عامہ کے مقاصد ہیں:

(a) افادیت (b) سماجی انصاف و اقدار (c) تبدیلی (d) یہ سبھی۔

2۔ کس کے مطابق جمہوری شہریت کا نظریہ عوامی مفاد پر مبنی ہے؟

(a) پیٹر سیلف (b) ڈین ہارڈ (c) ہربرٹ سائمن (d) جان میلیٹ۔

3۔ درج ذیل مین سائبر نیٹک کا حمایتی نہیں ہے:

(a) ناربرٹ ویز (b) میک فار لینڈ (c) میک کلوچ (d) ہینز وان فوسٹر۔

4۔ A Study of History کس کی کتاب ہے؟

(a) نارلڈ ٹوینبی (b) ایلٹن میؤ (c) ہربرٹ سائمن (d) جان میلیٹ۔

5۔ درج ذیل مفروضہ میں سے عوامی پسند نظریے میں کسے اہمیت حاصل ہے؟

(a) مسابقتی مقابلہ (b) کارکردگی (c) بازار کی طرف توجہ (d) تمام سبھی۔

## (حصہ-ب)

حصہ-'ب' میں 4 سوالات ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی 2 سوالات کا جواب لکھنا لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 15 سطروں میں لکھئے۔ (5x2=10)

1. تنقیدی نظریہ کے معنی اور تعریف بیان کیجیے۔
2. عوامی پسند نظریے کی سفارشات بیان کیجیے۔
3. سائبر نیٹک کے تین جدید رجحانات کو درج کیجیے۔
4. جدید عوامی خدمات اور نظم و نسق عامہ کے تعلق کو بیان کیجیے۔

## (حصہ-ج)

حصہ-'ج' میں 3 سوالات ہیں۔ ان میں سے کسی 1 سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے جس کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ سوال کا جواب تقریباً 30 سطروں میں لکھئے۔ (1x10=10)

1. حیبرماس اور تنقیدی نظریہ کے تعلق پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔
2. مابعد جدیدیت کی تعریف اور تصور پر ایک تفصیل نوٹ لکھیے۔
3. جدید نظم و نسق عامہ اور روایتی نظم نسق عامہ کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔